سوال

اگر کوئ شخص جان بوجھکر ناپاکی کے حالت میں نماز پڑھتا ہے توکیا وہ کافر ہے

جواب

جان بوجھ کر نجاست کی حالت میں نماز پڑھنا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اگر کوئی شخص جان بوجھ کرناپاکی کی حالت میں نماز پڑھتا ہے، توکیا وہ کافر ہے۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نہیں، وہ کافر نہیں ہوگا، بلکہ اس کی نماز باطل ہوگی، اوراس پراسے دوبارہ پڑھنا ضروری اور لازم ہے۔ معروف مالکی فقیہ حطاب اپنی کتاب مواہب الجلیل میں لکھتے ہیں۔ "أن من صلی بالنجاسة متعمدا عالما بحکمها, أو جاہلا وہو قادر علی إزالتہا یعید صلاتہ أبدا, "جس آدمی نے علم ہونے کے باوجود، یاجہالت میں نجاست کے ساتھ نماز پڑھ لی، اوروہ اسے اتارنے پر قادر تھا تووہ لازما اپنی نماز لوٹائے گا۔ ابن رشد، ابوالقاسم، ابن قدامہ، اورامام مالک سے بھی ایک روایت میں یہی مشہور ہے۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی فتوی کمیٹی